# بی کام سالِ اوّل

## مفوضہ 1 تا 2

# فینانشیل اکاؤنٹنگ Financial Accounting

## اکائی 1 تا 2

2 x 5 = 10 　　　　Part A (حصہ اول)

**خالی جگہوں کو پر کیجیے اور صحیح غلط کی نشاندہی کیجیے۔**

1. برائے نام کی کھاتوں کا اصول ........................... ہے۔
2. نقدی کتاب کے کریڈٹ جانب بتلائے جانے والی مدرت ........................... ہیں۔
3. نقدی کتاب حقیقی کھاتہ کے اصول پر عمل کرتی ہے۔ (　　　)
4. نقدی کتاب میں حاصل چھوٹ کو نقدی کتاب کے ڈیبٹ جانب بتلاتے ہیں۔ (　　　)
5. چھوٹے چھوٹے اخراجات کے لیے چھوٹی نقدی کتاب رکھی جاتی ہے۔ (　　　)

2 x 5 = 10 　　　　Part B (حصہ دوم)

**ذیل کے سوالات میں کسی دو کے جوابات مختصراً لکھیے۔**

1. ذیل کے لین دین کے عام اندراجات کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2015 جنوری | 1۔ | کاروبار شروع کیا گیا۔ | 20,000روپے |
| | 2۔ | مشنری خریدی گئی | 5,000روپے |
| | 3۔ | شاکر کو ادھار فروخت کیا گیا | 3,000روپے |
| | 4۔ | کرایہ کے 2,000روپے اور تشہیر کے 6,000روپے نقد ادا کیا گیا۔ | |
| | 5۔ | ناز سے ادھار خریدا گیا | 8,000روپے |
| | 6۔ | بینک میں جمع کیا گیا | 2,000روپے |
| | 7۔ | سود حاصل ہوا | 200روپے |

2. ذیل کی تفصیلات کی مدد سے امدادی کتب تیار کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2016 جنوری | 1۔ | رفیق کو ادھار فروخت کیا گیا۔ | 3,000روپے۔ |
| | 2۔ | نوید سے ادھار خریدا گیا۔ | 10,000روپے۔ |
| | 3۔ | جبار کو نقد فروخت کیا گیا۔ | 8,000روپے۔ |

4۔ شاکر سے مال واپس آیا 3,000روپئے۔

5۔ نوید کو مال واپس کیا گیا 1,000روپئے۔

6۔ نوخیز سے مال خریدا گیا 10,000روپئے۔

7۔ رحیم کو مال واپس کیا گیا 200روپئے۔

8۔ شاکر سے مال واپس آیا 100روپئے۔

3. کھاتہ نویسی کی تعریف کرتے ہوئے اس کے افعال بیان کیجیے۔

4. اکاؤنٹنگ سیکل ’’Accounting Cycle‘‘ سے کیا مراد ہے۔بیان کیجیے۔

1 x 10 = 10 Part C (حصہ سوم)

**ذیل کے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب تفصیلی طور پر لکھیے۔**

5. ذیل کے تفصیلات کی مدد سے تین خانوں والی نقدی کتاب تیار کیجیے؟

تاریخ

یکم/جنوری 2016:- بینک میں نقدی کا میزان 1,00,000 روپئے۔ہاتھ میں نقدی کا میزان 1,50,000 روپے

2۔ نقد فروخت 20,000روپئے

5۔ بینک میں جمع کیا گیا 5000روپئے۔

7۔ نقد فروخت 10,000 روپئے۔

10۔ کرایہ کے 3000 روپے اور تشہیر کے 2000 روپے چیک کے ذریعہ ادا کیا گیا۔

13۔ شوکت سے 10,000 روپئے حاصل ہونے کے ضمن میں 1000 روپئے ڈسکاؤنٹ کے بعد 9000 روپے نقدی حاصل ہوئے۔

15۔ شاکر کو 5000 روپے ادا کرنے کے ضمن میں 4500 روپئے چیک کے ذریعہ ادا کر کے کھاتہ بند کیا گیا۔

16۔ کاروبار کے لیے بینک سے نکالا گیا۔5000 روپے

18۔ ذاتی خرچ کے لیے 2000 روپے بینک سے نکالا گیا۔

20۔ بینک میں جمع کیا گیا 5000روپے۔

6. ذیل کے تفصیلات کی مدد سے چھوٹی نقدی کتاب تیار کیجیے۔

2017/جنوری 1۔ میزان 1000 روپئے

2۔ چائے 30روپے، ڈاک 50روپے

سفری مصارف 20روپے

5. ڈاک 40روپے، سفری مصارف 15 روپے

8. مزدوری 20روپے،سفری مصارف15روپے

12. ڈاک30روپے، چائے15روپے

18. چائے شربت 35روپے،ڈاک20روپے

20. حمل ونقل15روپے۔ ڈاک10روپے

7. کھاتہ نویسی کی ضرورت اوراس کے فوائداورحدود بیان کیجیے۔

# فینانشیل اکاؤنٹنگ

## دوسرا مفوضہ

### اکائی 3 تا4

2 x 5 = 10 Part A (حصہ اول)

**خالی جگہوں کو پر کیجیے اور صحیح غلط جواب کی نشاندہی کیجیے۔**

I. سرماوی(Capital)اخراجات کی مثالیں ............................. ہیں۔

II. مالی (Revenue) آمدنی کی مثالیں ............................. ہیں۔

III. خریدی کتاب کا میزان ہر وقت ڈیبٹ ہوتا ہے۔ ( )

IV. امدادی کتب میں صرف ادھار لین دین کا اندراج ہوتا ہے۔ ( )

V. حاصل سود کو نقدی کتاب کے ڈیبٹ جانب بتلاتے ہیں۔ ( )

2 x 5 = 10 Part B (حصہ دوم)

**ذیل سے سوالات میں سے کسی دو کے جوابات لکھیے۔**

(1) ذیل کے غلطیوں کی اصلاح کیجیے۔

1. کمار کو1000روپئے کا ادھار فروخت کر کے کمار کے کھاتہ میں صرف100 لکھے گئے۔

2. مشنری خریدی گئی۔لیکن اندراج کرنا بھول گئے۔18000روپئے۔

3. شان کو نقد ادا کر کے غلطی سے شام کے کھاتے کو ڈیبٹ کیا گیا۔

4. کرایہ نقد ادا کر کے غلطی سے اجرت کھاتہ کو ڈیبٹ کیا گیا۔

(2) ذیل کی تفصیلات کی مدد سے نقدی کا میزان محسوب کیجیے۔

1. پاس بک کے اعتبار سے نقدی کا میزان10,000روپئے

2. چک جاری کیا گیا لیکن ادائیگی کے لیے حاضر نہیں ہوا۔500روپئے

3. چیک بینک میں ڈپازٹ کیا گیا لیکن بینک میں کریڈٹ نہیں ہوا۔2000روپئے

4. پاس بک میں راست طور پر جمع ہوا۔ 100روپئے

(3) بینک کا مصالحتی گوشوارہ کیوں تیار کیا جاتا ہے وضاحت کیجیے؟

(4) سرماؤی اور مالیاتی آمدنیوں کی تعریف کرتے ہوئے ان کے درمیان امتیاز کیجیے۔

1 x 10 = 10 Part C (حصہ سوم)

**ذیل کے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب لکھیے۔**

(5) ذیل کے تفصیلات کی مدد سے 31/دسمبر 2015 سال پر بینک کا مصالحتی گوشوارہ تیار کر کے پاس بک کے میزان کو محسوب کیجیے۔

1. 31/دسمبر 2015 کو نقدی (Cash book) میزان 15,000 روپے
2. چیک جاری کیا لیکن 31/دسمبر تک ادائیگی کے لیے حاضر نہیں ہوا۔ 2000 روپے
3. 2800 روپے کا چیک بینک میں جمع کیا گیا لیکن وہ 31/دسمبر تک کیش نہیں ہوا۔
4. ایک گاہک سے 1200 روپے کا حاصل چیک کو نقدی کتاب میں درج کیا گیا لیکن اس کو 31/دسمبر تک بینک میں جمع نہیں کیا گیا۔
5. 1000 روپے بینک میں حاصل سود پاس بک میں درج کیا گیا لیکن نقدی کتاب میں اس کا اندراج نہیں کیا گیا۔
6. پاس بک میں 50 روپے بینک کے اخراجات ڈیبٹ کیے جس کا نقدی کتاب میں اندراج نہیں ہوا۔

(6) ذیل کی تفصیلات کی مدد سے غلطیوں کی اصلاح کیجیے۔

1. فروخت کتاب میں 250 روپے زائد (Over Cost) بتلائیے گئے۔
2. خریدی کتاب میں 150 روپے کم (Under Cost) بتلائیے گئے۔
3. مشنری 6000 روپے کی خرید کر غلطی سے خریدی کتاب میں بتلایا گیا۔
4. 200 روپے استادگی پر ادا کر کے غلطی سے اجرت کھاتہ میں بتلایا گیا۔
5. شاکر کو 2500 روپے کا مال ادھار فروخت کیا گیا لیکن غلطی سے شان کے کھاتہ کو ڈیبٹ کیا گیا۔
6. 200 روپے برقی کے اخراجات ادا کر کے اندراجات کرنا بھول گئے۔
7. 500 روپے حاصل کرایہ کو غلطی سے سود کے کھاتہ کو کریڈٹ کیا گیا۔
8. 300 روپے کا مال نوشاد کو فروخت کر کے غلطی سے خریدی کتاب میں لکھا گیا۔
9. چاند کو 300 کا مال نقد فروخت کر کے نقدی کتاب میں 3000 روپے درج کیا گیا۔

(7) کھاتہ نویسی کے مختلف غلطیوں کے اقسام کی وضاحت کیجیے۔

## تیسرا مفوضہ

# Financial Accounting

### اکائی 5 تا 6

2 x 5 = 10 Part A (حصہ اول)

**خالی جگہوں کو پر کیجیے اور صحیح غلط کی نشاندہی کیجیے۔**

1. خام منافع ........................... کھاتہ کی مدد سے اخذ کیا جاتا ہے۔
2. تجارتی کھاتے کے کریڈٹ جانب بتلائیے جانے والے مدات ........................... ہیں۔
3. ڈبنچرس، واجب الادا کاروبار کے اثاثے ہیں۔ (    )
4. فرسودگی مستقل اثاثوں پر کی جاتی ہے۔ (    )
5. انوسٹمنٹ مستقل اثاثے کی مثال ہے۔ (    )

2 x 5 = 10 Part B (حصہ دوم)

**ذیل کے سوالات میں کسی دو کے جوابات مختصراً لکھیے۔**

1. ذیل کی تفصیلات میں سے کسی دو کے جوابات دیجئے۔
2. ذیل کے تفصیلات کی مدد سے تجارتی نفع ونقصان کھاتہ تیار کیجیے۔

افتتاحی خام مال کا میزان 20,000 روپے خریدی 100000 روپے
فروخت 480,000 روپے اجرت 50,000 روپے دفتری اخراجات 30,000
فرسودگی 10,000 بجلی ایندھن 15,000 روپے۔ اندرونی باربرداری 5000
بیرونی باربرداری 8000 روپے راست مصارف 10,000 روپے
حاصل سود 2000 کرایہ آفس 3000
اختتامی ذخیرہ 50,000 روپے

3. بیجک قیمت Invoice price سے کیا مراد ہے وضاحت کیجیے۔
4. اثاثہ (Assets) سے کیا مراد ہے وضاحت کیجئے۔

1 x 10 = 10 Part C (حصہ سوم)

**ذیل کے سوالات میں سے کسی ایک کا جواب تفصیلی طور پر لکھیے۔**

5. حیدرآباد کے رہنے والے مسٹر لائق نے 100 ٹی وی کے سیٹ کو ممبئی کے رہنے والے مسٹر جاوید کو ترسیل مال کرتا ہے۔ فی ریڈیو حقیقی

قیمت 1000 روپے جبکہ اس کو 20% بیجک قیمت پر ترسیل مال کرتا ہے۔ مال کی پیکنگ پر 5000 روپے۔ مال کی روانگی پر 1000 روپے لائق کو ادا کرتا ہے۔ مسٹر جاوید فی ریڈیو 1750 روپے کے حساب سے تمام ریڈیو فروخت کرتا ہے۔ اس نے دوکان کا کرایہ 10,000 روپے مزدوری 8000 روپے تشہیر 15000 روپے ادا کرتا ہے۔ اس کو 10% فروخت پر کمیشن دیا جاتا ہے۔ ضروری کھاتے کھولیے اور عام اندراجات کیجیے۔

.6 ذیل میں دیئے گئے آزمائشی گوشوارہ کی مدد سے اختتامی کھاتے (Final Accounts) تیار کیجیے۔

آزمائشی گوشوارہ Trial Balance

| تفصیلات | L/F | ڈیبٹ | کریڈٹ |
|---|---|---|---|
| افتتاحی ذخیرہ Opening Stock | | 50,000 | - |
| مشنری Machinery | | 70,000 | - |
| خریدی فروخت Purchase and Sale | | 2,20,000 | 4,20,000 |
| اندرونی باربرداری Carriage Inward | | 2,000 | - |
| فیکٹری کرایہ Factory Rent | | 3,000 | - |
| چھوٹ Discount | | 5,000 | 3,000 |
| واجب الوصول وادابل Bill Receivable and Payable | | 20,000 | 10,000 |
| دین دار ولین دار Debtors and Creditors | | 50,000 | 30,000 |
| سرمایہ Capital | | - | 2,00,000 |
| عمارت Building | | 1,00,000 | - |
| فرنیچر Furniture | | 50,000 | - |
| انوسٹمنٹ Investment | | 85,000 | - |
| صادر Stationary | | 5,000 | - |
| برے قرضے Bad Debts | | 3,000 | - |
| | | **6,63,000** | **6,63,000** |

مطابقتیں Adjustment (1) اختتامی ذخیرہ 50,000 روپے

(2) مشنری اور فرنیچر پر 10% فرسودگی عائد کردی جائے۔

(3) دین دار پر 5% مشکوک قرضوں کی گنجائش رکھی جائے۔

.7 ترسیل مال اور باہمی کاروبار (Joint Venture) کے درمیان امتیاز کیجیے۔